تحقیقاتِ نادرہ پر مشتمل عظیم الشان فقہی انسائیکلوپیڈیا

ALAHAZRAT NETWORK
اعلحضرت نیٹ ورک
www.alahazratnetwork.org

اَلْعَطَایَا النَّبَوِیَّہ فِی اَلْفَتَاوٰی الرَّضَوِیَّہ

فتاویٰ رضویہ

جلد 6

مع تخریج و ترجمہ عربی عبارات

تصنیف لطیف:۔ اعلیٰ حضرت، مجدد امام احمد رضا

ALAHAZRAT NETWORK

اعلحضرت نیٹ ورک

www.alahazratnetwork.org

اگراس کا یہ حال صحیح مشہور ہے تو اُس کے پیچھے نماز مکروہ ہے اس سے میل جول نہ چاہئے اگر عوام کے اوہام کی افواہ ہے کہ خواہی نخواہی عیب لگاتے ہیں تو اس کا اعتبار نہیں پھر بھی اگر اس کے سبب لوگوں کو اس کی امامت سے نفرت اور اس کے پیچھے جماعت کی قلت ہو تو اسے امام نہ کریں اگرچہ وہ الزام سے بری ہے، کماشاع برصہ کما فی الدر (جیسے اس شخص کا حکم ہے جس کا برص پھیل گیا ہو، درمختار میں ایسا ہی ہے۔ ت)

(۲) ایسا شخص ہو تو وہ فاسق ہے اُس کے پیچھے نماز نہ پڑھی جائے اس سے میلاد شریف نہ پڑھوایا جائے لان فی تقدیمہ للامامۃ تعظیمہ وقد وجب علیھم اھانتہ شرعاً[1] (کیونکہ امامت کے لئے فاسق کی تقدیم میں اس کی تعظیم ہے حالانکہ شرعی طور پر اس کی اہانت لازم ہے۔ ت) تبیین الحقائق وغیرہ۔۔۔ جو نمازیں اس کے پیچھے پڑھی ہیں ضرور اعادہ کی جائیں اس کا شریک حال مذکور رہنا حرام ہے اُس سے میل جول نہ چاہئے۔ واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ ۱۷۷۱: از شہر بریلی مدرسہ منظر الاسلام مسئولہ مولوی محمد ظہور الحق صاحب ۳ ذی الحجہ ۱۳۳۷ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ایسے شخص کے واسطے کہ وُہ حافظ قرآن ہے مگر افیون کھاتا ہے اور رمضان المبارک کا روزہ نہیں رکھتا ہے، آیا وُہ امامت کرسکتا ہے یا نہیں اس کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں بینوا بالکتاب وتوجروا یوم الحساب۔

www.alahazratnetwork.org

الجواب

افیونی اور بلاعذر شرعی تارکِ صوم رمضان فاسق ہیں اور اُن کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے کہ پڑھنا گناہ اور پھیرنا واجب جبکہ اُن کا فسق ظاہر و آشکارا ہو، اور اگر مخفی ہو جب بھی کراہت سے خالی نہیں اور افیونی اگر پینک میں ہو جب تو اس کے پیچھے نماز باطل محض، قال تعالٰی حتی تعلموا ما تقولون[2] (اللہ تعالٰی کا ارشاد گرامی ہے: حتی کہ تم جان لو کہ تم کیا کہہ رہے ہو۔ ت) واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ ۱۷۷۲: از شہر مدرسہ اہلسنت مسئولہ مولوی ظہور الحق صاحب طالب علم ۱۲ ذی الحجہ ۱۳۳۷ھ

اس سوال میں جو اوپر مذکور ہے خلاف واقعہ محض حسد پر کیا گیا ہے افیونی تارکِ صوم اور پھر اُس پر بلاعذر یہ تینوں لفظ اور ان کے مصداق تحقیق طلب ہیں کیونکہ نتیجہ جواب انھیں پر مبنی ہے اس جواب سے یہ نہیں معلوم ہوا

---

[1] تبیین الحقائق باب الامامۃ مطبوعہ المطبعۃ الکبرٰی الامیریہ بولاق مصر ۱/۱۳۴

[2] القرآن ۴/۴۳

کہ اطباء نے امراض نزلہ و جریان وغیرہ میں افیون بقدر اصلاح تجویز فرمائی ہو وہ عذر شرعی کے اندر مجوز ہے یا نہیں، اگر نہیں تو عذر شرعی کیا ہے، دوسرے یہ کہ اگر کوئی شخص بباعثِ سفر یا مرض روزۂ رمضان قضا کرے تو تارکِ صوم ہوگا یا نہیں، اور عذر شرعی اس کے لئے ہے یا نہیں، اور حافظ کلام مجید امیوں میں امامت کے لئے شرعاً افضل ہے یا نہیں، اگر کوئی شخص ایک مدت تک مقتدی رہ کر محض حسد سے الزام لگائے ایسے کبیرہ گناہ کے تو وہ عند الشرع مستوجب کس تعزیر کا ہے۔

الجواب

افیون اتنی کہ پینک لائے مطلقاً حرام ہے، نہ کسی مرض کے لئے حلال ہوسکتی ہے نہ کسی طبیب کی تجویز سے۔ اللہ و رسول کے برابر حکیم کون ہے وہ منع فرماتے ہیں اُن کا منع فرمایا ہوا کسی کی تجویز سے جائز نہیں ہوسکتا، یہ عذر شرعی ہے نہ عذر شرعی فتوٰی میں دربارۂ افیون لکھا تھا بلکہ دربارۂ صوم درمختار میں ہے: ظاهر المذهب المنع[1] (یعنی حرام چیز سے علاج ظاہر مذہب پر منع ہے۔ ت) ردالمحتار میں ہے:

اجاب الامام لان المرجع فیہ الاطباء و قولهم لیس بحجة حتی لو تعین الحرام مدفعا للهلاك یحل كالمیتة والخمر عند الضرورة۔ (ملخصاً)[2]

امام اعظم نے یہ جواب دیا ہے کہ اس میں اطباء کی طرف رجوع کیا جائے گا اور ان کا قول حجت نہیں، حتّٰی کہ اگر کوئی حرام چیز ہلاکت کو دُور کرنے کے لئے متعین ہوجائے تو وُہ حلال ہوجائے گی جیسا کہ ضرورت کے وقت مردار اور شراب (ملخصاً)۔ (ت)

ہاں سفر اور مرض جس میں روزہ کا مضر ہونا ثابت و محقق ہو روزہ قضا کرنے کے لئے عذر شرعی ہیں، حافظ امیوں سے جب افضل ہے کہ فاسق نہ ہو اور فاسق تو عالم بھی افضل نہیں چہ جائے حافظ۔ درمختار میں ہے:

الاان یکون غیر الفاسق اعلم القوم فهو اولٰی[3]

مگر اس صورت میں کہ جب فاسق کے علاوہ (یعنی مذکورہ افراد میں سے) کوئی شخص قوم سے زیادہ صاحبِ علم ہو تو وہی امامت کے لئے اولٰی ہوگا۔ (ت)

اگر الزام جھُوٹا لگائے تو سخت کبیرہ ہے اور اسکی سخت سزا ہے اور اگر الزام سچّا ہے تو مدت تک خاموش رہنے کا اس

---

[1] درمختار باب المیاہ مطبوعہ مطبع مجتبائی دہلی ۱/۳۸
[2] ردالمحتار " مصطفی البابی مصر ۱/۱۵۴
[3] درمختار باب الامامۃ مطبع مجتبائی دہلی ۱/۸۳

www.alahazratnetwork.org